سوال

(385) نماز کے بعد ہمیشہ مصافحہ کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نماز کے بعد مصافحہ کرنے کے بارے میں حکم شریعت کیا ہے؟ کیا یہ بدعت ہے یا سنت' براہ کرم دلائل کے ساتھ بیان فرمائیے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

فرض نمازوں کے بعد ہمیشہ مصافحہ کرنے کی ہمیں کوئی اصل معلوم نہیں ہے لہذا یہ عمل بدعت ہے اور رسول اللہصلی اللہ علیہ وسلم سے یہ ثابت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

«من عمل عملا لیس علیہ امرنا فھو رد»

(صحیح مسلم کتاب الاقضیۃ باب نقض الاحکام الباطلۃ۔۔۔ح:1718۔ وصحیح بخاری کتاب الاعتصام بالکتاب والسنۃ باب رقم :20)

''جس نے کوئی ایسا عمل کیا جس پر ہمارا امر نہیں ہے تو وہ مردود ہے''

اور ایک دوسری روایت میں ہے کہ:

«من احدث فی امرنا ھذا ما لیس منہ فھو رد»

(صحیح بخاری کتاب الصلح باب اذا اصطلحوا علی صلح جور فالصلح مردود:2697) صحیح مسلم کتاب الاقضیہ باب نقض الاحکام الباطلۃ۔۔۔ح:1718)

''جس نے ہمارے اس امر (دین) میں کوئی ایسی نئی بات پیدا کی جو اس میں نہ ہو تو وہ مردود ہے'' (فتویٰ کمیٹی)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ : جلد1

صفحہ نمبر 355

محدث فتویٰ